

پریس ریلیز

آج مورخہ 11-07-2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے لاہور ہائی کورٹ لاہور کے چیف جسٹس کی تقریب حلف برداری میں شرکت کی, ان کے ہمراہ ڈائریکٹر امپلیمینٹیشن ارشد فاروقی نے بھی تقریب حلف برداری میں شرکت کی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے لاہور ہائی کورٹ کی تاریخ میں پہلی خاتون چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کو عہدہ کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے مس عالیہ نیلم صاحبہ کی بطور چیف جسٹس تعناتی کو خوش آئیند قرار دیا اور کہا کہ یہ تعیناتی پاکستان میں خواتین کے مساوی حقوق کی آئینہ دار ہے اور اس سے پاکستان کی خواتین میں خود اعتمادی پیدا ہو گی_ خواتین، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم صاحبہ کو اپنا رول ماڈل بناتے ہوئے زندگی کہ ہر شعبہ میں خود اعتمادی سے محنت کرتے ہوئے اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے آگے بڑھ کر ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

محمد نوید الظفر (انچارج میڈیا سیل)